ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر | بدھ 14 اکتوبر 2026ء 02 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر
07 | فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com | 39

متحدہ اپوزیشن کا خیبر پختونخوا میں گورنر راج کیخلاف جدوجہد کا اعلان

حکومت نے بات چیت مکمل ہونے کے باوجود خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نفاذ کا غیر آئینی قدم اٹھایا، مولانا فضل الرحمان کا دعویٰ

پارلیمانی پارٹی اجلاس میں رہنماؤں کی صوبے میں سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں کی بھی شدید مذمت، 11 اکتوبر کو سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائیگا، شرکاء

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) متحدہ اپوزیشن کے پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں مولانا فضل الرحمان نے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت نے بات چیت مکمل ہونے کے باوجود خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نفاذ کا غیر آئینی قدم اٹھایا۔ رپورٹ کے مطابق قومی اسمبلی میں متحدہ اپوزیشن کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں قائد حزب اختلاف سینیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کو وفاقی وزیر عمران شاہ تحفہ پیش کر رہے ہیں

شادی سے انکار پر عورت کا بنیادی حق قتل کا جواز نہیں بنایا جاسکتا، سپریم کورٹ

مجرم محمد کامران کی نظرثانی درخواست خارج ، ایسے فعل کو سزا میں تخفیف کی بنیاد نہیں بنایا جاسکتا

طویل عرصے تک قید میں رہنے کا اصول ہر سزائے موت کے مجرم پر یکساں طور پر لاگو نہیں ہوتا، فیصلہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں قرار دیا ہے کہ شادی سے انکار عورت کا بنیادی حق ہے، اسے قتل کا جواز نہیں بنایا جا سکتا۔ عدالت عظمیٰ نے شادی سے انکار پر خاتون (میمونہ شاہین) کو قتل کرنے والے مجرم محمد کامران کی سزائے موت برقرار رکھتے ہوئے نظرثانی درخواست مسترد کردی۔ عدالت نے قرار دیا کہ شادی سے انکار عورت کا بنیادی حق ہے اور اسے قتل کا جواز نہیں بنایا جاسکتا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

وزیر اعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار و دیگر تربیتی طیارہ میں شہید جوانوں کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

پاک فوج کا ہائپر سونک بیلسٹک میزائل رینج فتح 2 ایکسٹینڈڈ کا کامیاب تجربہ

میزائل انتہائی درستگی کے ساتھ اہداف کو نشانہ بنانے اور دشمن کے میزائل دفاعی نظام کو ناکام بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے

فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج کی بدولت پاک فوج کی دور دراز اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں مزید اضافہ ہوگا، آئی ایس پی آر

ملتان، وزیر ریلوے حنیف عباسی رحمان بابا ٹرین حادثے میں زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

روسی وزیر داخلہ کا اسلام آباد پولیس لائنز مونومنٹ کا دورہ

پاکستانی پرچم کو بوسہ دیا، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری بھی ہمراہ تھے

اسلام آباد (صباح نیوز) روس کے وزیر داخلہ ولادیمیر کولوکولتسیف نے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ اسلام آباد پولیس لائنز اور پاکستان مونومنٹ کا دورہ کیا، جہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور پولیس و فیڈرل کانسٹیلری کے دستوں نے انہیں سلامی پیش کی۔ اس موقع پر روسی وزیر داخلہ نے پاکستانی پرچم کو بوسہ دے کر احترام کا اظہار بھی کیا۔ اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

شام میں اسرائیلی کارروائیاں عالمی قانون کیخلاف ہیں، پاکستان

سیاسی انتقالِ اقتدار، قومی مفاہمت اور معاشی بحالی کی حمایت کرتے ہیں، عثمان جدون

نیویارک (آئی این پی) پاکستان نے شام میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں کو بین الاقوامی قانون اور شام کی خودمختاری کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے اسرائیل سے تمام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد، اپوزیشن رہنما اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کو پروڈکشن آرڈرز کی درخواست پی کر رہے

خیبر پختونخوا اسمبلی کی بحالی 6 ماہ بعد ہیں ڈپٹی وزیر اعظم اسحاق ڈار

پختونخواہ حکومت کی واپسی مدت سال دو سال لگ سکتے

وزیر اعلیٰ نے اپنے دور میں خود کو نااہل ثابت کیا، صوبہ میں اقدامات آئین و قانون کے مطابق ہوئے اور ایڈوائزری کونسل کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے،

خیبر پختونخوا کی حکومت دہشت گردی کے خلاف کچھ نہیں کرسکی، مذاکرات کی کامیابی کیلئے بھرپور محنت کی ، مصالحت اس وقت ہوتی ہے جب چیزیں برابری کی بنیاد پر ہوں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں اقدامات آئین و قانون کے مطابق ہوئے ہیں اور ایڈوائزری کونسل کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے تاہم اسمبلی 6 مہینے بعد بحال ہوئی جبکہ حکومت کی واپسی میں سال یا دو سال لگیں انتظار کرنا ہوگا۔ سینیٹ اجلاس کے دوران نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ساتھ ہوئے مذاکرات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

KP، گورنر راج، ایمرجنسی، آج سینیٹ اور قومی اسمبلی سے منظوری لی جائیگی

طارق فضل چوہدری قراردادیں پیش کریں گے اور ایوان کو اعتماد میں لیں گے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق اور منظوری کے لیے سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس میں آج قراردادیں پیش کی جائیں گے۔ رپورٹ کے مطابق سینیٹ کا اجلاس سہ پہر 4 بجے ہوگا، جس میں وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری آئین کے آرٹیکل 232 کے تحت ایمرجنسی کی منظوری کی قرارداد پیش کریں گے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس کے ایجنڈے میں بھی ایمرجنسی کے اعلان کی منظوری شامل ہے۔ سینیٹ میں اس کے علاوہ درجنوں اثاثوں، عمومی کامپنیکس، غیر ملکی سرمایہ کاری، الیکٹرانک کوئٹہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

طیارہ حادثے میں شہید فوجی افسران کی نماز جنازہ ادا

وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی شہداء کی نماز جنازہ میں شرکت

راولپنڈی (صباح نیوز) کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب مشاق تربیتی طیارے کے حادثے میں شہید میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق میجر حسنین اور کیپٹن عبدالصمد کی نماز جنازہ نماز جنازہ میں وزیر اعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

چکلالہ گیریژن راولپنڈی میں ادا کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دونوں افسران 12 اکتوبر 2026 کو کوئٹہ کے قریب نواں کلی میں مشاق تربیتی طیارے کے افسوسناک حادثے میں شہید ہوئے۔

ایمرجنسی کا نفاذ امن کے قیام تک رہے گا، طارق فضل

گورنر راج واضح طور پر انتظامی معاملہ ہے، سیاسی مقاصد کا تاثر نہیں دینا چاہتے

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ یہ تاثر نہیں دینا چاہتے کہ کے پی میں جو ایمرجنسی لگی اسکے پیچھے سیاسی مقاصد ہیں۔ اسلام آباد پارلیمنٹ ہاؤس میں گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج ایک واضح طور پر انتظامی معاملہ ہے، ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں جو تعاون مانگ رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

احسن بھون کی ڈگری اصلی، جوڈیشل کمیشن میں صفدر کی درخواست مسترد

جوڈیشل کمیشن کے سربراہ چیف جسٹس کو کیپٹن صفدر کی درخواست ملی تھی

جوڈیشل کمیشن نے احسن بھون کی ڈگری کے اصلی ہونے کی تصدیق کر دی۔ جوڈیشل کمیشن اجلاس کے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ سیکرٹری جوڈیشل کمیشن نے کیپٹن (ر) محمد صفدر اعوان کی جانب سے احسن بھون کے خلاف ایک شکایت پیش کی، شکایت جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کے رکن احسن بھون کی تعلیمی قابلیت، انڈرمنٹ اور

ڈی آئی خان، گھر پر دستی بم حملہ، 2 خواتین جاں بحق، 4 افراد زخمی

نامعلوم ملزمان نے بانیت قفل ہمارے گھر میں دستی بم پھینکا گیا، متاثرہ شخص کا موقف

ڈیرہ اسماعیل خان (صباح نیوز) کلاچی کے علاقہ کوٹ سلطان میں نامعلوم ملزمان نے گھر میں دستی بم پھینک دیا، دھماکہ میں 2 خواتین جاں بحق جبکہ 4 افراد زخمی ہوگئے، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کلاچی میں کوٹ سلطان کلاچی کے رہائشی رستم خان ولد سلطان خان نے 3/4exp 324-302، کے تحت رپورٹ درج کرائی ہے کہ شام کے وقت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال ایتھوپیا کے سفیر کو پاکستانی ثقافت بارے کتاب پیش کر رہے ہیں

موبائل انٹرنیٹ کی صنفی خلیج 8 فیصد رہ گئی، شزا فاطمہ

60 فیصد ٹیلی کام ٹاورز کو فائبر ائز کرنیکا ہدف، انٹرنیٹ ہاؤس پاسز 50 لاکھ سے متجاوز

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان میں موبائل انٹرنیٹ تک رسائی میں صنفی خلیج 38 فیصد سے کم ہو کر 8 فیصد رہ گئی ہے، جبکہ آئندہ تین برسوں کے دوران ملک کے 60 فیصد ٹیلی کام ٹاورز کو فائبر آپٹک نیٹ ورک سے منسلک کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ منگل کو وزارت آئی ٹی، یونیورسل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پارلیمنٹ میں گورنر راج کی توثیق کرینگے، نیئر بخاری

گورنر راج کی مدت 6 ماہ ہوسکتی ہے، ایمرجنسی کی مدت صوبے کے حالات پر منحصر، بیان

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیئر حسین بخاری نے کہا ہے پارلیمنٹ کے دونوں ایوان اجلاس آئین کے مطابق خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کی توثیق کریں گے، توثیق کے بعد 30 روز میں پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں معاملہ زیر بحث آئے گا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مشترکہ اجلاس میں ایمرجنسی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، اے آئی سے خاتون کو قتل کرنیکا طریقہ پوچھنے والا ملزم گرفتار

ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے غلط استعمال کی تحقیقات کے بعد مقدمہ درج کرلیا گیا، NCCIA

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) اسلام آباد نے کارروائی کرتے ہوئے اے آئی سے قتل کا طریقہ کار پوچھنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ این سی سی آئی اے کے مطابق ملزم نے اپنی سابقہ خاتون دوست کو قتل کرنے کا طریقہ جاننے کیلئے مصنوعی ذہانت پلیٹ فارمز کا استعمال کیا، کلاڈ اے آئی اور ڈیجیٹل مواصلاتی پلیٹ فارمز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

پی ٹی آئی نام کی کوئی پارٹی نہیں رہے گی، فیصل واوڈا

نئی بحث چھیڑ گئی پی ٹی آئی بطور جماعت باقی نہیں رہے گی، نام لیوا بھی نہیں رہیگا؟ واوڈا کا سیاسی منظرنامے پر بڑا بیان

ارکان دوسری چھوٹی بڑی جماعتوں میں چلے جائیں گے، نام لیوا بھی باقی نہیں رہیگا، سینیٹر کی شہر نامہ نیوز سے خصوصی گفتگو

اسلام آباد (راجہ جاوید اختر سے) تحریک انصاف کے سابق رہنما و سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ ختم ہونے جا رہی ہے، اس کے ممبران دوسری چھوٹی بڑی جماعتوں میں چلے جائیں گے اور اگر وہ بھی جاتا ہے تو وہ بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

وزیر داخلہ سے یورپی کمشنر داخلی امور کی ملاقات

غیر قانونی مائیگریشن کی روک تھام، اہم امور پر گفتگو، اشتراک بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے یورپی کمشنر برائے داخلی امور و مائیگریشن میگنس برنر کی ملاقات ہوئی، جس میں غیر قانونی مائیگریشن کی روک تھام، قانونی امیگریشن کے فروغ اور ہنرمند افرادی قوت کے لیے مواقع بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں دوطرفہ کے مشترکہ مفاد کے امور پر بھی مذاکرات ہوئے۔ میگنس برنر نے غیر قانونی مائیگریشن کے خلاف پاکستان کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے مؤثر اقدامات کے باعث یورپ کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر آ گیا

لاہور (صباح نیوز) لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس کی مجموعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

گندم کی پہلی درآمدی کھیپ رواں ماہ پہنچے گی، اسحاق ڈار

قیمتوں میں استحکام اور صارفین کو ریلیف دینے کے لیے استعمال کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ مالی سال 2026-27 کے لیے صوبوں کی طلب کے مطابق گندم کی دافرفراہمی کا انتظام کر لیا گیا ہے، جبکہ درآمدی گندم کی پہلی کھیپ رواں ماہ کے اختتام سے قبل کراچی پہنچنے کا شیڈول ہے۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

بینکاک، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب جی-24 وزراء سے خارجہ اور سینٹرل بینک گورنرز کی میٹنگ میں شریک ہیں

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی آج نجی دورے پر انگلینڈ روانہ ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی آج نجی دورے پر انگلینڈ روانہ ہوں گے، وہ 21 اکتوبر کو واپس پاکستان پہنچیں گے۔ ذرائع کے مطابق چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

وزارت خزانہ پنجاب، مزید 3 محکموں کو بجٹ جاری

محکمہ سی اینڈ ڈبلیو، محکمہ ایکسائز اور محکمہ انڈسٹری کیلئے فنڈز جاری کئے گئے

لاہور (نیوز ایجنسیاں) محکمہ خزانہ نے پنجاب کے 3 مزید محکموں کو بجٹ جاری کر دیا ہے۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو، محکمہ ایکسائز اور محکمہ انڈسٹری کیلئے فنڈز جاری کیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کو 5 ارب 30 کروڑ روپے جاری کیے گئے ہیں۔ محکمہ ایکسائز کو ایک ارب 20 کروڑ روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے ہیں۔ اسی طرح محکمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

پاکستان میں رواں مالی سال مہنگائی 9.9 فیصد تک پہنچنے کا تخمینہ، آئی ایم ایف

متوسط مدت کے استحکام، خسارے پر قابو پانے اور انتہائی کمزور طبقے کو ٹارگٹڈ ریلیف دینے کی ضرورت ہے

جیو پولیٹیکل بحران کی صورت میں تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ سکتی ہیں، ورلڈ اکنامک آؤٹ لک 2026 جاری

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ آئی ایم ایف نے ورلڈ اکنامک آؤٹ لک 2026 جاری کر دی۔ آئی ایم ایف کے مطابق گزشتہ مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح 1.7 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی جبکہ رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی 9.9 فیصد تک پہنچنے کا تخمینہ ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق رواں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی، اٹک، پولیس نفری کی مرحلہ وار واپسی کا فیصلہ

راولپنڈی (صباح نیوز) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ اور حالات معمول پر آنے کے بعد راولپنڈی، اٹک اور میانوالی سے اضافی پولیس نفری کی مرحلہ وار واپسی کا فیصلہ کر لیا گیا تاہم راولپنڈی اور اسلام آباد میں فسادات سے نمٹنے کے لیے تعینات انٹی رائٹ مینجمنٹ فورس تاحکم ثانی اپنی موجودہ چھاؤنیوں پر تعینات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد، وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین سے یورپی یونین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

یورپی ممالک میں پاکستانیوں کیلئے مواقع بڑھانے کی ضرورت، چوہدری سالک

تربیت یافتہ افرادی قوت یورپی ممالک کی ضروریات پوری کرنے میں کردار ادا کر سکتی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) یورپی ممالک میں پاکستانی ہنرمند افرادی قوت کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے کی ضرورت ہے، چوہدری سالک حسین وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی یورپی یونین کے وفد سے ملاقات؛ قانونی مائیگریشن، ہنرمندی کے فروغ اور باہمی تعاون پر تبادلہ خیال وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

مانسہرہ، ٹریفک حادثات میں 3 افراد جاں بحق

ڈی ایس پی سمیت دو شدید زخمی، پولیس افسر کا محافظ بھی مرنے والوں میں شامل

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ سی پیک روڈ پر ٹریفک کے دو مختلف حادثات میں دو بھائیوں سمیت تین افراد جاں بحق، ڈی ایس پی سمیت دو شدید زخمی، مرنے والوں میں ڈی ایس پی کا گن مین بھی شامل، حادثات باجی میرا پل اور اچھڑیاں کے قریب پیش آئے، ریسکیو 1122 کی امدادی سرگرمیاں، زخمی ہسپتال منتقل، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سی پیک روڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

پختونخوا میں 9 سال سے ڈیوٹی سے غائب ڈاکٹرز کو برطرف کرنے کی سفارش

پشاور (نیوز ایجنسیاں) خیبر پختونخوا میں 9 سال سے ڈیوٹی سے غائب ڈاکٹرز کو برطرف کرنے کی سفارش کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا میں پبلک منظوری کے بغیر طویل عرصے تک ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

افغانستان بھر میں بی بی سی کی ایف ایم ریڈیو نشریات معطل

کابل (آئی این پی) افغان حکام نے ملک بھر میں بی بی سی کی ایف ایم ریڈیو نشریات معطل کر دیں۔ افغانستان بھر میں ایف ایم ریڈیو نشریات معطل کرنے پر برطانوی نشریاتی ادارے نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔

یمنی فورسز کا آپریشن فجرِ یمن: 950 حوثی ہلاک

صنعا (مانیٹرنگ ڈیسک) یمنی مسلح افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ آپریشن فجرِ یمن کے تحت حوثی ملیشیا کے خلاف 1879 کارروائیاں کی گئیں، جن میں تقریباً 950 جنگجو ہلاک اور 380 عسکری گاڑیاں اور دیگر ساز و سامان تباہ یا ناکارہ بنا دیا گیا۔

خیبر پختونخوا میں اب تک کتنی بار گورنر راج لگا، اہم رپورٹ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) صوبہ خیبر پختونخوا میں اب تک لگنے والے گورنر راج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

روس اور چین ایران کی مدد نہیں کر رہے، محدود مدد ہو سکتی ہے، ٹرمپ

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ان کے خیال میں روس اور چین ایران کی مدد نہیں کر رہے، تاہم اگر دونوں ممالک ایسا کر بھی رہے ہیں تو یہ محدود پیمانے پر ہو سکتا ہے۔ امریکی صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
ایڈیٹوریل
فون: 0333-5196088, 0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com
پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا
رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

سعودیہ ائیر پورٹ پر حملے!

ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہفتے کو ہونے والے حملے میں ایک پاکستانی سمیت 13 افراد شہید جبکہ سینکڑوں زخمی ہوگئے۔ سعودی عرب کی جنرل اتھارٹی آف سول ایوی ایشن کے ترجمان کے مطابق پروجیکٹائل حملے سے ہوائی اڈے کی عمارت کو کافی نقصان پہنچا جس کا جائزہ اور تخمینہ لگانے کا کام جاری ہے۔ حوثی باغیوں کی طرف سے فائر کیے گئے ایک اور میزائل کو فضاء ہی میں ناکارہ بنا دیا گیا تھا۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے حوثی ملیشیاء کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کے شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابلِ قبول نہیں، ایسے پُر تشدد اقدامات علاقائی اَمن اور استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی کرنے والے یہ حملے فوری بند کیے جائیں۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی حمایت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اُن کا یہ بھی کہنا تھا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے عزم پر قائم ہیں۔ ترجمانِ دفترِ خارجہ نے کہا کہ شہری ہوائی اڈے کو نشانہ بنانا دہشت گردی کی گھناؤنی کارروائی ہے۔

واضح رہے کہ سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان تنازعہ اُس وقت شروع ہوا جب 2014ء میں یمن میں سیاسی انتقالِ اقتدار کے دوران اختلافات اور مسلح تصادم شدت اختیار کر گئے۔ حوثیوں نے یمن کے دارالحکومت صنعا اور دیگر علاقوں پر قبضہ کر لیا تو مارچ 2015ء میں سعودی عرب کی قیادت میں قائم اتحاد نے یمن کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت کی حمایت میں فوجی مداخلت کی۔ اُس کے بعد سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان میزائل حملوں، فضائی کارروائیوں اور سرحد پار کشیدگی کا سلسلہ جاری رہا۔ اپریل 2022ء میں اقوامِ متحدہ کی ثالثی میں جنگ بندی ہوئی جس سے لڑائی میں نسبتاً کمی آئی تاہم تنازعے کا پائیدار سیاسی حل نہ نکل سکا۔ حالیہ واقعات نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ طویل تنازعات میں عارضی سکون کو مستقل اَمن سمجھ لینا درست نہیں ہے۔ حوثیوں اور سعودی عرب کے درمیان یہ تنازعہ یقیناً تشویشناک ہے کیونکہ وہاں حملہ صرف ایک ملک کی سلامتی کا مسئلہ نہیں بلکہ اس کے اثرات پورے خطے، بین الاقوامی فضائی سفر، تجارت اور توانائی کی منڈیوں تک پھیل سکتے ہیں۔ پاکستان کے لیے بھی صورتحال خاصی پیچیدہ ہے۔ ملک پہلے ہی دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں مصروف ہے، ایک طرف افغانستان سے متعلق سکیورٹی چیلنج ہیں تو دوسری طرف بھارت کے ساتھ تعلقات اور سرحدی تناؤ کے مسائل موجود ہیں۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی، داخلی سلامتی کے تقاضے، معاشی مشکلات اور محدود وسائل بھی ریاست کیلئے چیلنج بنے ہوئے ہیں۔ پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت اپنے عزم کا اعادہ کر چکا ہے، اِس لیے وہ سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو نظر انداز نہیں کرے گا لیکن ضروری ہے کہ دفاعی اقدامات اور ردِعمل کا تعین معاہدے کی شرائط، زمینی حقائق، قومی مفادات اور علاقائی سلامتی کو سامنے رکھ کر کیا جائے۔ سعودی عرب کی سلامتی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ یمن کے عوام کو مزید جنگی تباہی سے بچانا بھی لازم ہے۔ حوثیوں کی طرف سے ریاض ائیر پورٹ پر حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے، کم ہے۔ شہری آبادی یا غیر فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ ایسے میں چین، ایران اور دیگر بااثر ممالک کو سفارتی رابطوں کے ذریعے حالات سنبھالنے اور فریقوں کو مذاکرات کی طرف لانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ کشیدگی میں اضافہ پورے خطے کے لیے مشکلات بڑھا سکتا ہے، اس لیے تحمل اور ذمہ داری سے کام لینا ضروری ہے۔ مذاکرات کے لیے سازگار ماحول بنانے کی خاطر حملوں کا سلسلہ روکنے اور باہمی اعتماد بحال کرنے کیلئے موثر اقدامات کرنے ہوں گے۔ اختلافات کتنے ہی گہرے کیوں نہ ہوں، معاملات بات چیت کے ذریعے ہی حل ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کو اپنے دفاعی وعدوں، ملکی سلامتی اور معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے ہر ایسی کوشش کا ساتھ دینا چاہئے جو کشیدگی کم کرے اور امن کی طرف لے کر جائے۔

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی!

خیبر پختونخوا (کے پی) میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کر دیا گیا ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی کے نفاذ کی سمری پر دستخط کیے جو کہ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد وزیر اعظم ہاؤس سے صدرِ مملکت کو بھجوائی گئی تھی۔ نئے انتظام میں آٹھ قبائلی اضلاع سمیت 12 اضلاع کیلئے درجنوں افراد پر مشتمل ایریا ڈویلپمنٹ کونسل قائم کی جائے گی۔ وفاقی حکومت نے سول انتظامیہ کی معاونت کے لئے آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت جب تک ایمرجنسی رہے گی تب تک پاک فوج کے دستوں اور وسائل کی تعیناتی کی منظوری بھی دے دی۔ وزیر اعظم ہاؤس کے اعلامیے کے مطابق وفاقی کابینہ کے اجلاس میں کے پی میں اَمن وامان اور دہشت گردی کی بگڑتی صورتحال پر بریفنگ دی گئی جس میں کہا گیا کہ دہشت گردی میں تسلسل اضافہ خیبر پختونخوا کی سکیورٹی کے لئے سنگین اور تشویشناک چیلنج بن چکا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ صوبائی حکومت نے اسلام آباد پر چڑھائی کا منصوبہ بنایا، یہ دوبارہ پاکستان کو تباہی کے دہانے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ کے پی میں سی ٹی ڈی اور پولیس کو مضبوط نہیں کیا گیا، صوبائی حکومت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کے بجائے خاموش ہے اور ان کے خلاف ایک لفظ نہیں بولتی، افواجِ پاکستان چُن چُن کر دہشت گردوں کو جہنم رسید کر رہی ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ معیشت کے اشاریے دن بدن بہتر ہو رہے ہیں لیکن یہ پاکستان کا حشر نشر کرنا چاہتے ہیں۔ کابینہ نے خیبر پختونخوا میں اَمن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں پیش کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ دو سال کے دوران کے پی میں دہشت گرد حملوں کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہوا، افغانستان میں موجود دہشت گرد عناصر اور مقامی سہولت کاروں کی وجہ سے خطرات بڑھے۔ صوبائی حکومت کی ناقص پالیسی اور دہشت گردوں کیلئے نرم گوشے نے خطرات میں اضافہ کیا، انسدادِ دہشت گردی کے موثر اقدامات کی کمی سے دہشت گرد عناصر کو جگہ بنانے کا موقع ملا۔ رپورٹ میں دیے گئے اعداد و شمار کے مطابق صوبے میں مارچ 2024ء سے 23 ستمبر 2026ء تک دہشت گردی کے واقعات 195 فیصد بڑھے جبکہ رواں سال دہشت گرد حملوں میں 73 فیصد نشانہ پولیس اور سکیورٹی ادارے بنے۔ دہشت گردوں کی طرف سے ڈرون کے استعمال میں تشویشناک اضافہ ہوا، 2024ء میں پولیس اور سکیورٹی اداروں پر کوئی ڈرون حملہ رپورٹ نہیں ہوا، لیکن رواں سال ڈرون حملوں کی تعداد 170 تک پہنچ گئی۔ دہشت گردی کے مقابلے میں پولیس اور سکیورٹی اداروں کی استعداد بڑھانا ناگزیر ہے، سیف سٹی منصوبہ تاحال صرف پشاور تک محدود ہے۔ مزید کہا گیا کہ کے پی پولیس میں 9 ہزار سے زائد آسامیاں خالی ہیں، پولیس اور سی ٹی ڈی کو جدید ہتھیاروں اور آپریشنل سامان کی شدید کمی کا سامنا ہے، جنوبی اضلاع میں بکتر بند اور محفوظ گاڑیوں کی کمی ہے جس سے پولیس کی نقل و حرکت اور آپریشنل صلاحیت متاثر ہے، پولیس اور سی ٹی ڈی کے پاس جدید سرویلنس اور انٹیلی جنس آلات ناکافی ہیں، نائٹ ویژن اور تھرمل امیجنگ آلات بھی مطلوبہ تعداد میں دستیاب نہیں جبکہ ضم شدہ اضلاع کی پولیس کو مطلوبہ تربیت، وسائل اور استعدادِ کار کی شدید کمی کا سامنا ہے۔ دہشت گردی کیخلاف جنگ سے کے پی حکومت کی دانستہ لاتعلقی کے پیشِ نظر وفاقی کابینہ نے وزیر اعظم کو خیبر پختونخوا میں آئین کے تحت ایمرجنسی کی تجویز دی۔ خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ گورنر راج پورے صوبے جبکہ ایمرجنسی صرف 12 اضلاع میں لگائی گئی ہے۔

وفاقی حکومت، ادارے اور اسٹیبلشمنٹ کے مطابق دہشت گردی کے خلاف جنگ کے حوالے سے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کا ہمیشہ ہی سے یہ بیانیہ رہا ہے کہ دہشت گردی کی یہ جنگ مسلط کردہ ہے اور ڈالروں کے لئے لڑی جارہی ہے۔ اسٹیبلشمنٹ کا موقف ہے کہ جب تک خیبر پختونخوا میں بیٹھے لوگ، پاکستان کے اندرونی مسائل کے حل کیلئے افغانستان کی طرف دیکھتے رہیں گے تب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ خیبر پختونخوا کے عوام اب مزید خوارج اور ٹی ٹی پی دوست ماحول میں نہیں رہ سکتے۔ وہ ٹی ٹی پی کے فتنے کو ختم کرنے کیلئے پوری یکسوئی سے لڑنا چاہتے ہیں، صوبے میں ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو عوام کے شانہ بشانہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ہم آہنگی اور قوت سے لڑے، اب وہاں وہ قیادت ہو گی جو اپنے مفادات کی خاطر نہیں بلکہ صرف پاکستان اور اس کے مفادات کو دیکھے گی، کے پی میں اب کسی انتشاری، فسادی یا دہشت گردی میں لپٹے نظریوں کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے ایمرجنسی کے نفاذ کو سنگین سیاسی غلطی اور عوام کے حقوق کے خلاف اقدام قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ عوام اپنے حقوق کے خلاف اقدامات کبھی قبول نہیں کریں گے، یہ فیصلہ چند دنوں میں واپس لیکر ملک کو مزید سیاسی و معاشی نقصان سے بچایا جا سکتا ہے اگر فیصلے پر نظرِ ثانی نہ ہوئی تو ملک کو بہت نقصان ہوگا۔

وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا حکومت کے ساتھ مذاکرات کو کامیاب بنانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ اس کا مؤقف تھا کہ بہتر یہی ہے کہ ایسے اقدام کی نوبت نہ آئے، تاہم کوششیں نتیجہ خیز نہ ہو سکیں۔ وزیر داخلہ کے بقول، وفاقی حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان تمام معاملات طے پا چانے کے باوجود سابق وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کسی وجہ کے بغیر معاہدہ ویٹو کر دیا۔ وفاقی حکومت کا یہ قدم غیر آئینی نہیں قرار دیا جا سکتا۔ یہ کڑوا گھونٹ ہے جسے پینا پڑ گیا، لیکن اس کا مطلب ہرگز نہیں ہے کہ سیاسی مکالمے کی ضرورت ختم ہوگئی ہے۔ حکومت کو پی ٹی آئی کے ساتھ بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنا چاہئے کوشش یہی ہونی چاہئے کہ کشیدگی میں اضافہ نہ ہو، سیاسی عمل آگے بڑھے اور صوبے میں اَمن و امان کی بہتری کی راہ ہموار ہو سکے۔

ایک اور سیاہ باب!

پاکستان کی بدقسمت سیاسی تاریخ میں ایک اور سیاہ باب کا اضافہ ہوا۔ پاکستان کی واحد منتخب حکومت کو ایک غیر منتخب وفاقی حکومت نے گورنر راج لگا کر تحلیل کر دیا۔ یہ پاکستان میں جمہوریت کا راگ الاپنے والوں کے نام پر زوردار تماچہ اور ایک اور سیاہ باب میں اضافہ کے سواء کچھ نہیں، حکومت نے گورنر راج اور ایمرجنسی لگانے کا یہ تحفہ سینے پر سجانا ہی تھا، تو ایک دن اور انتظار کر لیتے، 12 اکتوبر کو لگاتے، کم از کم پرویز مشرف اور انہیں ایک ہی دن یاد کیا جاتا، اب 11 اور 12 دونوں کو یاد رکھنا پڑے گا۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ 11 اکتوبر کو خیبر پختونخوا میں چوتھی مرتبہ ’گورنر راج‘ نافذ ہو چکا ہے۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں جب بھی وفاق اور کسی صوبے کے تعلقات میں تناؤ عروج پر پہنچ جائے یا صوبے میں کوئی بحران پیدا ہو تو ’گورنر راج‘ یا ’ایمرجنسی‘ جیسی اصطلاحات سامنے آتی رہتی ہیں۔ یہ وہ آئینی ہتھیار ہے جسے استعمال کرتے ہوئے وفاق میں بیٹھی حکومت صوبے میں اکثر بیتی مینڈیٹ رکھنے والی حکومت کو بھی گھر بھیج سکتی ہے۔ قیام پاکستان کے بعد سے اب تک، ملک کے ہر صوبے نے کم از کم ایک بار وفاق کے اس آئینی ہتھیار کا سامنا ضرور کیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں ماضی کے گورنر راج کے تلخ تجربات سامنے ہیں خیبر پختونخوا میں 1975ء میں بھٹو دور میں پہلا گورنر راج نافذ کیا گیا۔ یہ بحران حیات محمد خان شیر پاؤ کے قتل کے بعد پیدا ہوا۔ اس وقت صوبے میں سردار عنایت اللہ گنڈاپور کی حکومت تھی۔ گورنر راج نافذ کر کے صوبائی حکومت ختم کی گئی اور تقریباً ڈھائی ماہ بعد نئی حکومت قائم ہوئی۔ اس دور کے سیاسی اثرات خاصے اہم تھے۔ نیشنل عوامی پارٹی (NAP) کے خلاف وفاقی کارروائی، اس کی پابندی اور اس کے رہنماؤں کی گرفتاریوں کے نتیجے میں صوبے میں سیاسی ماحول کشیدہ ہوا۔ بعد میں پیپلز پارٹی نے صوبے میں اپنی سیاسی پوزیشن مضبوط کی۔ 1994ء میں بے نظیر بھٹو کے دور میں دوسرا گورنر راج نافذ کیا گیا، جس کی مدت تقریباً دو ماہ رہی۔ یہ معاملہ مرکزی اور صوبائی سیاسی صورتحال میں پیدا ہونے والے اختلافات اور اسمبلی میں اکثریت کے بحران سے متعلق تھا۔ صوبے میں پیر صابر شاہ کی مسلم لیگ (ن) کی حکومت تھی جبکہ مرکز میں پیپلز پارٹی کی حکومت تھی۔ اسمبلی میں وفاداریوں کی تبدیلی اور حکومت کو درپیش اکثریتی بحران کے بعد صدر فاروق لغاری نے صوبائی اسمبلی تحلیل کر کے گورنر راج نافذ کیا۔ اس فیصلے کے بعد سیاسی سطح پر ردِعمل سامنے آیا اور صوبے میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئیں۔ بعد ازاں صوبائی حکومت کے قیام کے لیے سیاسی کوششیں بھی جاری رہیں۔ مشرف دور میں 1999ء کے بعد ملک بھر میں ایک نیا انتظامی و سیاسی دور شروع ہوا۔ 12 اکتوبر 1999ء کو وفاقی حکومت میں تبدیلی کے بعد ملک میں فوجی حکومت قائم ہوئی۔ اس کے نتیجے میں صوبائی اسمبلیاں بھی معطل ہوئیں اور صوبوں کا انتظام گورنروں کے ذریعے چلایا گیا۔ خیبر پختونخوا میں یہ انتظام 2002ء کے انتخابات تک تقریباً تین سال جاری رہا۔ یہاں ایک اہم فرق سمجھنا ضروری ہے کہ 1999ء کا انتظام صرف خیبر پختونخوا کے لیے الگ سے کیا جانے والا سیاسی فیصلہ نہیں تھا بلکہ پورے ملک میں ہونے والی آئینی و انتظامی تبدیلی کا حصہ تھا۔ 2002ء کے انتخابات کے بعد صوبے میں دوبارہ منتخب سیاسی حکومت وجود میں آئی۔ ماضی کے ان تجربات سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ غیر معمولی آئینی اقدامات ہمیشہ اہم سیاسی اور انتظامی اثرات پیدا کرتے ہیں۔ پاکستان اس وقت کسی نئی سیاسی کشیدگی کا متحمل نہیں ہو سکتا... دوسری طرف اگر بات کی جائے خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگ گیا۔۔۔ خیبر پختونخوا ملک کی سب سے بڑی عوامی نمائندگی کی بساط لپیٹ دی گی تو حالات نارمل کیسے ہوں گے؟ اب عنقریب دہشت گردی اور سیکیورٹی کا ایشو بنا کر ملٹری آپریشن بھی شروع کر دیا جائے گا۔۔۔ سوال بس یہ ہے کہ کیا اس آپریشن سے کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوگی اور کیا ماضی میں کیے گئے تمام تر آپریشنز سے دہشت گردی کے مسائل سے نپٹا جا سکا ہے؟؟ اس ملٹری آپریشن کا سیاسی بوجھ کون اٹھائے گا؟ کیا کے پی کی عوام مسلط کردہ ایک اور ملٹری آپریشن کو قبول کرے گی؟؟ آپریشن کی صورت کو لیڈل ڈیٹج کی ذمہ داری کون قبول کرے گا؟؟ ماضی کی طرح 20 سے 30 لاکھ آئی ڈی پیز کا بوجھ کون اٹھائے گا؟؟ عوامی حمایت کے بغیر زور زبردستی کیے گئے آپریشن کی کامیابی کی کیا گارنٹی ہے؟؟ کس کی ضمانت اور یقین دہانی پر لاکھوں لوگ اپنے گھر بار خالی کریں گے؟؟ اگر لوگوں نے اپنے گھر بار خالی کرنے سے انکار کر دیا پھر اس آپریشن کا مستقبل کیا ہوگا؟

وجودِ زَن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ!

پاکستانی معاشرے کی تشکیل و تعمیر میں خواتین کا کردار نہایت اہم اور بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ خواتین صرف خاندان کی بنیاد کو مضبوط نہیں بناتیں بلکہ وہ تعلیم، صحت، سیاست، معیشت اور سماجی خدمت کے میدان میں بھی نمایاں خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ ایک ماں، بہن، بیٹی اور استاد کی حیثیت سے خواتین نئی نسل کی تربیت بہتر طور پر کرتی ہیں اور اپنے معاشرے کو مثبت سمت دینے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ تعلیم کے شعبے میں پاکستانی خواتین نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ خواتین بطور اساتذہ، محققین اور ماہرین تعلیم معاشرے میں علم کی روشنی پھیلا رہی ہیں اسی طرح سیاست اور سماجی خدمات میں بھی خواتین اپنا کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ ان میں محترمہ فاطمہ جناح، مسز لیاقت علی خان، بے نظیر بھٹو اور مریم نواز شریف جنہوں نے ملکی سیاست میں ایک نئی مثال قائم کی اس کے علاوہ ڈاکٹر، انجینئر، وکیل، کاروباری خواتین ڈاکٹر شہلا اکرم جنہوں نے معاشرے کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔ ان کے علاوہ بہت سی نجی بزنس میں کام کر رہی ہیں اور بے حد کامیابی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہیں اس طرح صحت اور سماجی خدمت کے شعبوں میں خواتین کی خدمات بھی بہت اہم ہیں۔ ڈاکٹرز، نرسیں، سماجی کارکن خواتین، صحت، تعلیم اور فلاح و بہبود کے لئے سرگرم عمل ہیں۔ مثال کے طور پر RuthFou نے جذام کے مریضوں کے لئے خدمات سرانجام دیں اور انسانی ہمدردی کی عظیم مثال قائم کی۔

اسلام نے بھی عورت کو عزت، وقار اور بلند مقام عطا کیا ہے۔ اسلام نے عورت کو ماں، بیٹی، بہن اور بیوی کی حیثیت سے نہایت محترم مقام دیا اور ہمارے حقوق کی حفاظت کی۔ ہمارے پیغمبرؐ نے فرمایا کہ جس شخص نے بالغ ہونے تک دو لڑکیوں کی پرورش کی قیامت کے روز میں اور وہ اس طرح آئیں گے اور آنحضرتؐ نے اس طرح کی وضاحت میں دو انگلیاں ملا کے دکھائیں۔ کسی نے آپ سے سوال کیا کہ میری بھلائی اور حسن سلوک کا سب سے زیادہ حق کون ہے۔ آپؐ نے فرمایا تیری ماں اس نے تین بار پوچھا اور اُن کا جواب یہی تھا چوتھی بار انہوں نے فرمایا تمہارا باپ۔ ماں کو انہوں نے باپ پر 3 گنا فوقیت دی۔

وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ
اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوزِ دروں

یہ شعر اس حقیقت کو ظاہر کرتا ہے کہ عورت کے بغیر معاشرہ ادھورا ہے۔ ادب اور ثقافت کے میدان میں بھی خواتین کا کردار بہت اہم ہے۔ پاکستان کی بہت سی خواتین ادب اور فنونِ لطیفہ میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں۔ وہ اپنی تحریروں میں معاشرے کے مسائل کو اجاگر کرتی ہیں

معاہدۂ مکہ: حوثی حملے، سعودی سلامتی اور پاکستان کی پالیسی

پاکستان آج مشرقِ وسطیٰ کے حوالے سے اپنی خارجہ پالیسی کے ایک نہایت حساس مرحلے پر کھڑا ہے۔ سعودی عرب اور یمن کے حوثی گروپ کے درمیان دوبارہ شدت اختیار کرتی کشیدگی نے معاہدۂ مکہ برائے مشترکہ دفاع کو محض اظہارِ یکجہتی سے نکال کر پاکستان کی سفارتی اور تزویراتی بصیرت کے ایک حقیقی امتحان میں تبدیل کر دیا ہے۔ اسلام آباد کے لیے ضروری ہے کہ وہ سعودی عرب کے ساتھ اپنی دفاعی ذمہ داریاں پوری کرے، لیکن ساتھ ہی اس امر کو یقینی بنائے کہ یہ دفاعی عہد یمن کی ایک کھلی جنگ یا ایران کے ساتھ کشیدگی کا باعث نہ بنے۔

پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان 7 اگست 2026 کو طے پانے والے معاہدۂ مکہ کا بنیادی مقصد دفاعی تعاون ہے۔ اس کے تحت کسی ایک رکن ملک پر مسلح حملہ تمام رکن ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا۔ حالیہ حوثی حملوں کے بعد ریاض میں ہونے والے ہنگامی اجلاس نے اس معاہدے کو عملی دفاعی تعاون اور فوجی تیاری کی سمت آگے بڑھایا ہے۔ ایسے حالات میں پاکستان سعودی شہروں، شہری تنصیبات یا مقدس مقامات کو لاحق خطرات سے لاتعلق نہیں رہ سکتا۔

ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر 10 اکتوبر کے مہلک میزائل حملے نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ کسی بھی خود مختار ریاست سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ اپنے شہریوں اور اہم تنصیبات پر بار بار ہونے والے میزائل اور ڈرون حملوں کو برداشت کرتی رہے۔ پاکستان سعودی عرب کے اپنے دفاع کے حق کی مکمل حمایت کرنے میں حق بجانب ہے، اور معاہدۂ مکہ اس حمایت کے لیے سیاسی اور دفاعی بنیاد بھی فراہم کرتا ہے۔

تاہم یہاں ایک واضح حد مقرر کرنا نہایت ضروری ہے: سعودی عرب کا دفاع اور یمن کے اندر جنگ کا حصہ بن جانا دو مختلف معاملات ہیں۔ پاکستان کی وزارتِ خارجہ پہلے ہی واضح کر چکی ہے کہ معاہدۂ مکہ دفاعی نوعیت کا ہے اور پاکستانی افواج یمن کی سرحد عبور کر کے حوثیوں کے خلاف جارحانہ کارروائیوں میں شریک نہیں ہوں گی۔ یہ ایک دانشمندانہ اور متوازن موقف ہے۔ فضائی دفاع، انٹیلی جنس تعاون، اہم تنصیبات کا تحفظ، بحری سلامتی اور میزائل یا ڈرون حملوں کے خلاف تکنیکی تعاون دفاعی ذمہ داری کے دائرے میں آ سکتے ہیں، مگر یمن کے اندر بمباری یا زمینی فوجی کارروائی میں حصہ لینا ایک بالکل مختلف معاملہ ہوگا۔

یہ احتیاط اس لیے بھی ضروری ہے کیونکہ پاکستان کے ایران کے ساتھ بھی اہم اور دیرینہ تعلقات ہیں۔ ایران پاکستان کا ہمسایہ ملک ہے اور پاک ایران سرحد پر اَمن و استحکام براہِ راست پاکستان کے قومی سلامتی کے مفاد میں ہے۔ پاکستان اس بات کا متحمل نہیں ہو سکتا کہ سعودی عرب اور حوثیوں کی جنگ ایک وسیع تر سعودی ایران محاذ آرائی میں تبدیل ہو اور اسلام آباد کو دو اہم مسلم ممالک میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑے۔

یہی وہ موقع ہے جہاں پاکستان محض ایک دفاعی اتحادی سے بڑھ کر ایک مؤثر سفارتی کردار ادا کر سکتا ہے۔ ایران نے حوثیوں کے ساتھ سیاسی رابطے کی گنجائش کی بات کی ہے اور پاکستان اس تجویز کو معاہدۂ مکہ کے شراکت داروں کے سامنے رکھ چکا ہے۔ اسلام آباد کو تہران پر واضح کرنا چاہیے کہ سعودی شہری مراکز، اہم تنصیبات اور مقدس مقامات کو نشانہ بنانا ناقابلِ قبول ہے، جبکہ ریاض کو بھی یہ حقیقت تسلیم کرنے پر آمادہ کرنا چاہیے کہ یمن میں پائیدار امن صرف فوجی طاقت سے حاصل نہیں کیا جا سکتا۔

پاکستان کی پالیسی تین بنیادی ستونوں پر قائم ہونی چاہیے: معاہدۂ مکہ کے دفاعی تقاضوں کی تکمیل، جنگ کو پھیلنے سے روکنا، اور سفارتی حل کے لیے راستہ کھلا رکھنا۔ اسلام آباد کو ریاض، انقرہ اور تہران کے ساتھ فعال سفارتی رابطے برقرار رکھتے ہوئے ایسے مذاکرات کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے جو سعودی عرب کے خلاف حملوں کے خاتمے، یمن میں امن اور بحیرۂ احمر میں جہاز رانی کے تحفظ کی ضمانت دے سکیں۔

پاکستان کو یمن کے سنگین انسانی المیے کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ طویل جنگ نے اس ملک کو پہلے ہی تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ مزید فوجی کارروائیاں عام شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کریں گی اور پورے خطے میں عدم استحکام کے خطرات بڑھا دیں گی۔ اگر پاکستان سعودی عرب کے دفاع کے نام پر ایک لامتناہی یمنی جنگ کا حصہ بن جائے تو یہ خود معاہدۂ مکہ کے امن اور سلامتی کے بنیادی مقصد کے منافی ہوگا۔

اس لیے پاکستان کے لیے سب سے موزوں حکمتِ عملی نہ تو سعودی عرب پر حملوں کے مقابلے میں خاموش غیر جانبداری ہے اور نہ ہی کسی وسیع جنگ میں غیر مشروط شرکت۔ درست راستہ اصولی دفاعی یکجہتی اور فعال سفارت کاری ہے۔ پاکستان کو سعودی خودمختاری کا دفاع کرنا چاہیے، مکہ و مدینہ کے تقدس اور سلامتی کے لیے اپنے عہد پر قائم رہنا چاہیے، مگر ساتھ ہی یہ دوٹوک مؤقف بھی اختیار کرنا چاہیے کہ پاکستانی افواج یمن کے اندر کسی جارحانہ جنگ کے لیے دستیاب نہیں ہوں گی۔

اس بحران میں پاکستان کی سب سے بڑی طاقت صرف اس کی فوجی صلاحیت نہیں بلکہ یہ حقیقت بھی ہے کہ وہ ریاض اور تہران دونوں کے ساتھ بات کر سکتا ہے۔ اگر اسلام آباد ایک قریبی اتحادی کا دفاع کرتے ہوئے ایک اہم ہمسایہ ملک کو دشمن بننے سے روک سکے، اور معاہدۂ مکہ کو کشیدگی بڑھانے کے بجائے دفاع، باز deterrence اور امن کا ذریعہ بنا سکے، تو یہ پاکستان کے قومی مفاد اور پوری مسلم دنیا کے امن دونوں کے لیے ایک بڑی کامیابی ہوگی۔

آمنہ انیس

سمندر خطرے میں ہے!

پلاسٹک کی یلغار، سمندری حیات اور انسانی بقا کو سنگین خطرات سمندری آلودگی، ماحولیاتی عدم توازن اور انسانی مستقبل کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات ناگزیر

سمندری آلودگی کا بڑھتا بحران، انسانی بقا اور آنے والی نسلوں کا مستقبل داؤ پر سمندری حیات موت کے شکنجے میں، پلاسٹک اور صنعتی فضلہ بڑا خطرہ

سمندر بچائیں، زندگی بچائیں؛ ماحولیاتی تحفظ وقت کی اہم ضرورت* سمندرز مین کے ماحولیاتی توازن، آکسیجن کی پیداوار اور موسمی نظام میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں

ہر سال لاکھوں ٹن پلاسٹک سمندری ماحول میں داخل ہو کر آبی حیات کو متاثر کرتا ہے، آنیوالی نسلوں کو محفوظ ماحول دینے کے لیے پلاسٹک کے غیر ضروری استعمال میں کمی ضروری

سمندری آلودگی، ماحولیاتی عدم توازن اور انسانی بقا کا ایک سنگین سوال

سمندر قدرت الٰہی کا ایک عظیم الشان مظہر، کرۂ ارض کے قدرتی نظام کا بنیادی ستون اور زندگی کے تسلسل کا ایک ناگزیر ذریعہ ہیں۔ ان کی وسعت، گہرائی اور تنوع نہ صرف انسانی ذہن کو حیرت میں مبتلا کرتے ہیں بلکہ یہ حقیقت بھی آشکار کرتے ہیں کہ زمین پر زندگی کا وجود ایک نہایت پیچیدہ اور مربوط قدرتی نظام سے وابستہ ہے۔ سمندر محض پانی کے وسیع ذخائر نہیں، بلکہ یہ ہماری فضاء، موسم، خوراک، معیشت اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ افسوس ناک امر یہ ہے کہ انسانی ترقی، صنعتی سرگرمیوں اور غیر ذمہ دارانہ طرزِ زندگی نے اسی قدرتی نظام کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ آج سمندر کی آلودگی ایک ایسا عالمی مسئلہ بن چکی ہے جس کے اثرات صرف آبی حیات تک محدود نہیں رہے، بلکہ انسانی صحت، معاشی استحکام اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کو بھی متاثر کر رہے ہیں۔ سمندر: زندگی کا عظیم قدرتی نظام

زمین کی تقریباً 71 فیصد سطح سمندروں سے ڈھکی ہوئی ہے، جبکہ دنیا کے سمندری نظام کو عموماً پانچ بڑے سمندروں، یعنی بحرالکاہل، بحرِ اوقیانوس، بحرِ ہند، بحرِ منجمد شمالی اور بحرِ جنوبی میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ یہ وسیع آبی خطے زمین کے ماحولیاتی نظام کو متوازن رکھنے میں غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں۔ سمندر لاتعداد مچھلیوں، آبی پودو

ریگ *(Rig)* ۔ ۱۹۷۴ء میں قائم ہونے والا ایک مقامی ادارہ جو ریگ کے علاقے میں ٹیلی فون، بجلی اور پانی کی سہولتیں فراہم کرتا ہے۔ اس کا صدر دفتر ریگ کے مرکزی بازار میں ہے۔ ادارے کے ملازمین کی تعداد 1,200 کے قریب ہے۔

ریگ الیکٹرک سپلائی کارپوریشن *(Rig Electric Supply Corporation)* ۔ ۱۹۷۵ء میں قائم ہونے والا ایک مقامی ادارہ جو ریگ کے علاقے میں بجلی فراہم کرتا ہے۔ اس کا صدر دفتر ریگ کے مرکزی بازار میں ہے۔ ادارے کے ملازمین کی تعداد 1,200 کے قریب ہے۔

ریگ الیکٹرک سپلائی کارپوریشن *(Rig Electric Supply Corporation)* ۔ ۱۹۷۵ء میں قائم ہونے والا ایک مقامی ادارہ جو ریگ کے علاقے میں بجلی فراہم کرتا ہے۔ اس کا صدر دفتر ریگ کے مرکزی بازار میں ہے۔ ادارے کے ملازمین کی تعداد 1,200 کے قریب ہے۔

ریگ الیکٹرک سپلائی کارپوریشن *(Rig Electric Supply Corporation)* ۔ ۱۹۷۵ء میں قائم ہونے والا ایک مقامی ادارہ جو ریگ کے علاقے میں بجلی فراہم کرتا ہے۔ اس کا صدر دفتر ریگ کے مرکزی بازار میں ہے۔ ادارے کے ملازمین کی تعداد 1,200 کے قریب ہے۔

ریگ الیکٹرک سپلائی کارپوریشن *(Rig Electric Supply Corporation)* ۔ ۱۹۷۵ء میں قائم ہونے والا ایک مقامی ادارہ جو ریگ کے علاقے میں بجلی فراہم کرتا ہے۔ اس کا صدر دفتر ریگ کے مرکزی بازار میں ہے۔ ادارے کے ملازمین کی تعداد 1,200 کے قریب ہے۔

ریگ الیکٹرک سپلائی کارپوریشن *(Rig Electric Supply Corporation)* ۔ ۱۹۷۵ء میں قائم ہونے والا ایک مقامی ادارہ جو ریگ کے علاقے میں بجلی فراہم کرتا ہے۔ اس کا صدر دفتر ریگ کے مرکزی بازار میں ہے۔ ادارے کے ملازمین کی تعداد 1,200 کے قریب ہے۔

ریگ الیکٹرک سپلائی کارپوریشن *(Rig Electric Supply Corporation)* ۔ ۱۹۷۵ء میں قائم ہونے والا ایک مقامی ادارہ جو ریگ کے علاقے میں بجلی فراہم کرتا ہے۔ اس کا صدر دفتر ریگ کے مرکزی بازار میں ہے۔ ادارے کے ملازمین کی تعداد 1,200 کے قریب ہے۔

ریگ الیکٹرک سپلائی کارپوریشن *(Rig Electric Supply Corporation)* ۔ ۱۹۷۵ء میں قائم ہونے والا ایک مقامی ادارہ جو ریگ کے علاقے میں بجلی فراہم کرتا ہے۔ اس کا صدر دفتر ریگ کے مرکزی بازار میں ہے۔ ادارے کے ملازمین کی تعداد 1,200 کے قریب ہے۔

اسلام آباد، عالمی سیرت کانفرنس کے موقع پر طالبات مختلف کتابوں میں دلچسپی لے رہی ہیں

گوجرخان جی ٹی روڈ پر حادثہ، دو ٹرالر میں تصادم

ٹریفک معطل غوری شادی ہال کے سامنے حادثے کے باعث سروس روڈ بند



گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان شہر کی حدود میں جی ٹی روڈ پر سیمنٹ سے لدے دو ٹرالر آپس میں ٹکرا کر سروس روڈ پر جا گرے، جس کے باعث سروس روڈ پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

کھوٹہ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ

سفید پوش طبقے کے لیے گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ہوگیا

کھوٹہ (نمائندہ خصوصی) کھوٹہ شہر میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ آٹا، چینی، دالیں، گوشت اور مرغی کے گوشت کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، پاک سعودی پیکجیتی کونسل کے زیر اہتمام وفاقی وزیر سردار یوسف، ڈاکٹر حافظ عبدالکریم، مولانا عبدالغفور حیدری و دیگر اظہار پیکجیتی کر رہے ہیں

پاک سعودی پیکجیتی کونسل کا سعودی عرب کیساتھ اظہار پیکجیتی

حرمین شریفین ہماری ریڈ لائن، حوثیوں کے حملے قابل مذمت، عمرہ زائرین کو نشانہ بنانے کی کوشش ناقابل قبول ہے

پاکستان سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے اور ان حملوں کو کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا، سینیٹر حافظ عبدالکریم ودیگر کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان کی بڑی مذہبی قیادت نے عمرہ زائرین پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حرمین شریفین ہماری ریڈ لائن ہے، سعودی عرب پر حوثیوں کے حملے قابل مذمت ہیں، خصوصاً عمرہ زائرین کو نشانہ بنانے کی کوشش ناقابل قبول ہے۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ تمام مسلمانوں کے لیے انتہائی مقدس مقامات ہیں اور ان کی سلامتی پوری امت مسلمہ کے لیے اہمیت رکھتی ہے، سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم کی میزبانی میں پاک سعودی پیکجیتی کونسل کے زیر اہتمام نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں ہونے والی پریس کانفرنس سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 2)

پاکستان کی خوشحالی اور سلامتی ایک مشترکہ ذمہ داری ہے، صفدر عباسی

انسدادِ دہشت گردی کی پائیدار حکمتِ عملی معنی خیز مکالمے کی ضرورت ہے

صوبائی اختیارات کی وفاق کو منتقلی سے سنگین سوالات جنم لیتے ہیں ناہید خان

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ورکرز (پی پی پی ڈبلیو) کے صدر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، سابق رکن قومی اسمبلی ناہید خان، سینئر نائب صدور فیاض علی خان اور ایڈووکیٹ امجد بلوچ، جنرل سیکرٹری کنور زاہد، فرح اسلم، ابراہیم خان، سابق رکن صوبائی اسمبلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

جج کام کرہا، پولیس کی غفلت سے عدالتوں پر بوجھ بڑھ گیا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ

پولیس کی غفلت کی وجہ سے مقدمات آگے نہیں بڑھ پاتے، جب شہادتیں ریکارڈ ہونے لگتی ہیں تو پولیس نیا ملزم گرفتار کرلیتی ہے

آئی جی پنجاب سے زیر التوا چالان اور زیر تفتیش مقدمات کی تفصیلات طلب، پولیس کا طریقہ کار اور میکنزم بھی پیش کرنے کا حکم

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ نے مل کیس میں چھ سال تک گواہان پیش نہ کرنے کے خلاف درخواست پر آئی جی پنجاب سے زیر التوا چالان اور زیر تفتیش مقدمات سے متعلق رپورٹ طلب کرلی، عدالت نے 19 اکتوبر کو پنجاب پولیس کا متعلقہ میکنزم بھی پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے محمد صائم کی درخواست ضمانت بعد از گرفتاری پر سماعت کی، جس میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ تھانہ رائیونڈ سٹی میں 2020 سے دوہرے قتل کا مقدمہ درج ہے، درخواست گزار چھ سال سے جیل میں قید ہے، تاہم پولیس کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اکبر نیازی ہسپتال، خاتون کے ہاں بیک وقت تین بیٹوں کی پیدائش

ماں اور بچوں کے علاج معالجے کی تمام سہولیات بلا معاوضہ فراہم کی گئیں

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ڈاکٹر اکبر نیازی ٹیچنگ ہسپتال میں ایک پیچیدہ حمل کی کامیاب ڈیلیوری ہوئی، جہاں وزیر اعظم کے نیشنل ہیلتھ پروگرام کے تحت ایک خاتون کے ہاں تین صحت مند بیٹوں کی پیدائش ہوئی۔ ماں اور بچوں کے علاج معالجے کی تمام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 1)

مانسہرہ، ترقیاتی کاموں کی تختیاں اکھاڑنے کا عمل شروع

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ ترقیاتی کاموں بورڈ اکھاڑنے کا عمل شروع، عوامی حلقوں کا اظہار مزمت، تفصیلات کے مطابق خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد مانسہرہ کے بعض مقامات پر پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کے جاری ترقیاتی کاموں کی تختیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

پختونخوا کے شہریوں کا گورنر راج ایمرجنسی کا خیر مقدم

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا کے شہریوں نے صوبے میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی حمایت کردی۔ سوات، شانگلہ، بٹ خیلہ، کوہاٹ اور چترال کے شہریوں نے وفاقی حکومت کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہم خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ شہریوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پی ایچ ایف، کوئٹہ ڈویژن کے 25 سے زائد اسکولوں میں ہاکی کٹس تقسیم

اقدام کا بنیادی مقصد قومی کھیل کی بحالی و ملک میں ہاکی کے پرانے دور کو واپس لانا ہے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیر اہتمام پاکستان کے قومی کھیل ہاکی کو اسکول کی سطح پر دوبارہ زندہ کرنے اور نوجوان نسل میں کھیل کا شوق بیدار کرنے کے لیے ایک تاریخی اقدام کے تحت کوئٹہ ڈویژن کے 25 سے زائد اسکولوں میں ہاکی کا سامان (ہاکی کٹس) تقسیم کرنے کی پروقار تقریب ایوب ہاکی سٹیڈیم کوئٹہ میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈی جی پبلک ریلیشنز بلوچستان عسکر خان، ایگزیکٹو سیکریٹری محکمہ تعلیم بلوچستان رضوان قدیر، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

جامعہ علوم اثریہ سے امسال 61 تشنگان علم نے سند فراغت حاصل کی، عبدالحمید عامر

جامعہ نسل نو کی علمی آبیاری کا یہ سفر پوری آب و تاب کے ساتھ جاری رکھے گا، مہتمم

جہلم (نامہ نگار) دینی و عصری علوم کے عظیم مرکز جامعہ علوم اثریہ جہلم میں امسال بھی علم و عرفان کی شمعیں روشن ہوئیں۔ جامعہ کے 43 ویں سالانہ پروقار ''جلسہ تقسیم اسناد و انعامات و تقریب صحیح بخاری'' میں 61 خوش نصیب طلبا نے درس نظامی، حفظ اور تجوید کی تکمیل پر سند فراغت حاصل کر کے فضیلت کی دستار اپنے سروں پر سجائی، یہ تقریب جہاں فارغ التحصیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 2)

اقرار الحسن جسمانی ریمانڈ پر این سی سی آئی اے کے حوالے

کراچی (صباح نیوز) کراچی کی ایک مقامی عدالت نے صحافی اور عوام راج نامی سیاسی تحریک کے بانی اقرار الحسن کو چار روزہ جسمانی ریمانڈ پر نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی کے حوالے کردیا ہے۔ ان کے خلاف خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 2)

مانسہرہ، بارش، پہاڑوں پر برفباری، موسم سرد ہوگیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ شہر محلقہ علاقوں میں بارش، پہاڑوں پر برفباری، موسم سرد ہوگیا، لوگوں نے لحاف کمبل چادریں مفلر کپڑے سویٹرز بیتان جرسیاں اور گرم کوٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 5)

یوم شہادت شہید حکیم سعید پر ہمدرد نونہال اسمبلی و شوریٰ کا مشترکہ اجلاس

شہید سعید رجیسی عظیم شخصیات ماضی کا حصہ نہیں بنتیں، صدر فاؤنڈیشن سعدیہ راشد

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام ہمدرد مرکز راولپنڈی میں یوم شہادت شہید حکیم محمد سعید کی مناسبت سے ہمدرد نونہال اسمبلی و ہمدرد شوریٰ کا مشترکہ اجلاس ''ایک چراغ جو آج بھی روشن ہے'' کے موضوع پر منعقد ہوا اجلاس کے مہمان خصوصی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ادارہ فروغ قومی زبان ڈاکٹر راشد حمید تھے قومی صدر ہمدرد فاؤنڈیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 2)

بنوں: شبا بری بھرت سے 3 نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

بنوں (صباح نیوز) بنوں سے تین نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد کی گئی ہیں۔ پولیس کے مطابق بنوں کے علاقے شابری بھرت سے 3 نامعلوم افراد کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس نے کہا کہ تینوں افراد کو فائرنگ کرکے قتل کیا گیا جس کی تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ لاشیں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کردی گئی ہیں۔

گوجرخان کی اتھلیٹ آمنہ خان نے برونز میڈل جیت لیا

لاہور میں منعقدہ مقابلوں میں 100 میٹر ریس میں تیسری پوزیشن حاصل کی

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان سے تعلق رکھنے والی نوجوان اتھلیٹ آمنہ خان نے پاک چائنا فرینڈشپ گیمز 2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 100 میٹر ریس میں تیسری پوزیشن حاصل کرکے برونز میڈل اپنے نام کر لیا۔ انہوں نے ان مقابلوں میں راولپنڈی ڈویژن کی نمائندگی کی اور اپنی بہترین کارکردگی سے علاقے کا نام روشن کیا۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 1)

گوجرخان کے ریونیو آفس میں مبینہ رشوت ستانی کی شکایات

تاجر رہنما راجہ اختر کی زیر صدارت اجلاس، وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کی اپیل

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تحصیل گوجرخان کے ریونیو آفس میں مبینہ رشوت ستانی کی شکایات اور پرائیویٹ ریٹائرڈ ملازمین کی تعیناتی کا معاملہ توجہ طلب ہوگیا۔ اس حوالے سے تاجر رہنما راجہ اختر کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں شہریوں کو درپیش مشکلات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب اور متعلقہ حکام سے معاملے کا فوری نوٹس لینے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 1)

کھیل کے میدان میں سپورٹس مین اسپرٹ کی بے حد ضرورت، تیمور جاوید

صرف جیت کیلئے کھیلنے سے کھیل کا مقصد ختم ہو جاتا ہے، تقریب سے خطاب

اڈیالہ (نامہ نگار) کھیل کے میدان میں سپورٹس مین اسپرٹ کی بے حد ضرورت ہے۔ صرف جیت کیلئے کھیلنے سے کھیل کا مقصد ختم ہو جاتا ہے۔ ہار اور جیت زندگی کا حصہ ہیں۔ گرتے ہیں شاہ سوار ہی میدان میں۔ ہارنے والے دل چھوٹا نہ کریں اور جیتنے والوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار برگیڈیئر تیمور جاوید خان ریجنل ڈائریکٹر راولپنڈی ریجن نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 1)

عبداللہ الطاف کی قیادت میں قافلہ کھمکول شریف کوہاٹ روانگی کیلئے تیار

جھٹہ ہتھیال اور چک بیلی خان روڈ سے مریدین کی بڑی تعداد میں شرکت

کوہاٹ (نمائندہ خصوصی) کھمکول شریف کوہاٹ میں سالانہ عرس کی تقریبات 16 اکتوبر سے شروع ہوں گی، جس میں شرکت کے لیے ملک بھر سے عقیدت مندوں اور زائرین کے قافلے کھمکول شریف پہنچیں گے۔ اس سلسلے میں اڈیالہ روڈ، جھٹہ ہتھیال اور چک بیلی خان روڈ سے تعلق رکھنے والے مریدین کا قافلہ بھی تیار ہے، جو 17 اکتوبر بروز ہفتہ عبداللہ الطاف نقشبندی کی قیادت میں کھمکول شریف کوہاٹ کے لیے روانہ ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق جھٹہ ہتھیال اور چک بیلی خان روڈ کے علاقے سے کھمکول شریف جانے والے قافلے کی قیادت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 1)

ڈی آئی جی اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کی کھلی کچہریاں

شہریوں کے مسائل سنے، متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور آئی جی اسلام آباد کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے پرعزم۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کھلی کچہریوں میں شہریوں کے مسائل سنے، متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 0)

کتاب دوستی، خدمتِ خلق اور جذبۂ انسانیت کا خوب صورت امتزاج

سفرنامۂ ارض القرآن کی پیشکش؛ سید اسماعیل شاہ کی فلاحی خدمات کو خراجِ تحسین

تحریر: نثار چوہدری

کتاب محض کاغذ کے اوراق کا مجموعہ نہیں ہوتی بلکہ یہ فکر و شعور کی آبیاری، علم کی منتقلی اور تاریخ کے دریچوں سے نئے جہانوں کی سیر کا وسیلہ بھی بنتی ہے۔ اہلِ علم کی جانب سے کسی کو کتاب کا تحفہ پیش کرنا درحقیقت ایک ایسی فکری رفاقت کا آغاز ہے جس کے اثرات دیر تک دل و دماغ کو منور رکھتے ہیں۔ اسی خوب صورت روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے الخدمت راضی ہسپتال، سی پی آر ٹاؤن اسلام آباد کے پیشنٹ ویلفیئر آفیسر سید اسماعیل شاہ صاحب نے ہسپتال کے دورے کے موقع پر راقم کو معروف کتاب *''سفرنامۂ ارض القرآن، روداد سفر سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ''* پیش کی، جس کے مترجم محمد عاصم الحداد ہیں۔

یہ کتاب مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کے 1956ء میں عرب ممالک کے پہلے سفر کی روداد پر مشتمل ہے۔ سرزمینِ عرب، اس کے تاریخی و تہذیبی پس منظر اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 2)

غفور بھٹی کی سردار شوکت کی رہائشگاہ آمد، والدہ کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

مرحومہ کی مغفرت، بلندیٔ درجات اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے دعا

سلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) جرمنی میں مقیم معروف سیاسی و سماجی رہنما اور اوورسیز پاکستانی معروف شخصیت غفور بھٹی نے سینئر صحافی اور روزنامہ اسلام آباد ٹوڈے کے چیف ایڈیٹر سردار شوکت محمود خان کی رہائش گاہ پر آمد، ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 1)

راولپنڈی ہوٹلز ایسوسی ایشن وفد کی چوہدری شیر بان اکبر مونن کو مبارکباد

امید ہے تاجروں کے مسائل حل اور کاروباری برادری کی بہتری کیلئے کردار ادا کریں گے



راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی ہوٹلز ایسوسی ایشن کے صدر راجہ محمود کی قیادت میں وفد نے چوہدری شیر بان اکبر مونن کو سال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 1)

خیبر پختونخوا سیاسی قیادت کی گرفتاریاں قابلِ مذمت ہیں، لیاقت بلوچ

ایمرجنسی یا گورنر راج کا نفاذ صرف جمہوری روایات کے منافی، ڈاکٹر طارق سلیم

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان و سابق ممبر قومی اسمبلی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج، ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد سیاسی قیادت کی گرفتاریاں قابل مذمت ہیں، جماعتِ اسلامی حکومت کے بدنیتی پر مبنی آئینی اختیارات کے غلط استعمال کے اقدام کو آئینی عدالت میں چیلنج کرسکتی ہے، حکومت آئین کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ، امیر جے آئی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر ملیحہ سحر پر تشدد کا کیس ملزم شوہر نے بھرپور ضمانت لے لی

سول جج عاصم ممتاز نے دفعہ 506 میں بھی ضمانت منظور کرلی، ملزم شوہر جواد علی کو 50 ہزار روپے کا مچلکہ جمع کرانے کا حکم

کمزور مقدمہ کی وجہ سے پہلی ضمانت منظور ہونے کے فوری بعد نئی دفعات لگا کر دوبارہ گرفتاری کی گئی تھی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر ملیحہ سحر نے شوہر کے خلاف گھریلو تشدد کا کیس کرادیا جب کہ ملزم شوہر جواد علی نے دوسری مرتبہ ضمانت حاصل کرلی۔ سول جج عاصم ممتاز نے نئی دفعات دھمکیاں 506 میں بھی ضمانت منظور کرلی، ملزم شوہر جواد علی کو 50 ہزار روپے ضمانتی مچلکہ جمع کرانے کا حکم دیا۔ پہلے دھمکیوں کی دفعہ 506 عائد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 2)

نواب آف بہاولپور فیملی کے گھر چوری کی واردات میں ملوث 6 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے سات کروڑ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ، قیمتی اشیاء اور نقدی برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس تھانہ مارگلہ پولیس ٹیم کی بڑی کارروائی۔ نواب آف بہاولپور فیملی کے گھر چوری کی واردات میں ملوث چھ ملزمان گرفتار۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے سات کروڑ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ، قیمتی اشیاء اور نقدی برآمد کر لی گئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 2)

رمضان المبارک میں تعلیمی ادارے کھل گئے، مردان اور صوابی میں بند

پشاور (صباح نیوز) پشاور میں تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھل گئے، حساس علاقوں میں راستوں کی بندش کے باعث طلبہ کو تعلیمی اداروں تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ محکمہ تعلیم کے حکام کے مطابق پشاور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 2)

اسلام آباد، خواتین منگل بازار سے گھر کے لیے مختلف اشیاء کی خریداری کر رہی ہیں